Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, II Semester Examination - May 2019

Paper : MAHS202CCT : Medieval India: Society & Culture

پرچہ : عہدِ وسطیٰ: معاشرہ اور ثقافت

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) عہدِ وسطیٰ ہندوستان کے ٹکنالوجی کو جاننے کے لیے مالوا میں لکھے گئے اہم ماخذ کا نام بتائیں۔

(ii) دہلی سلطنت میں نصیریہ مدرسہ کس سلطان نے بنوایا تھا۔

(iii) ہندوستان میں تصوف کے کسی دو سلسلے کا نام بتائیں۔

(iv) ’’خواجہ سرا‘‘ مغل دور میں کس محکمہ کا ذمہ دار ہوا کرتا تھا۔

(v) ہندوستان میں ’قوالی‘ اور ’طبلہ‘ کا بانی عموماً کس شخصیت کو مانا جاتا ہے۔

(vi) قطب شاہی دور کی دو مشہور عمارتوں کا نام بتائیں۔

(vii) دہلی سلطنت کی مشہور عمارت ’’اڑھائی دن کا جھونپڑا‘‘ ہندوستان کے کس شہر میں ہے۔

(viii) سکھوں کے پہلے اور دسویں گرو کا نام بتائیں۔

(ix) عبدالصمد اور میر سید علی مغل دور میں کس فن کے لیے جانے جاتے ہیں۔

(x) بھکتی سنت ’نام دیو‘ ہندوستان کے کس حصے میں اپنی خدمت انجام دے رہے تھے۔

حصہ دوم

2. اسلام کی آمد کا ہندوستانی سماج پر کیا اثر پڑا۔مختصراً لکھیں۔
3. دہلی سلطنت میں تعلیمی اداروں پر مختصر نوٹ لکھیں۔
4. عہد وسطیٰ سماج میں علماء کی حیثیت پر روشنی ڈالیں۔
5. بھکتی تحریک سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟۔سماج میں اس کے اثرات کو بیان کریں۔
6. سکھ ازم کی تعلیمات پر ایک نوٹ تحریر کریں۔
7. دہلی سلطنت میں عورتوں کے حالات پر ایک مضمون لکھیں۔
8. اکبر کے دور کی فن تعمیر کو فتح پور سیکری کے حوالے سے بیان کریں۔
9. عہد وسطیٰ میں موسیقی کی ترقی پر روشنی ڈالیں۔

حصہ سوم

10. عہد وسطیٰ ہندوستان میں کاشت کاری (Agriculture) اور عمارت (Building) میں آئی ہوئی تکنیکی ترقی (Technological Development) پر نوٹ تحریر کریں۔
11. تصوف کیا ہے؟ ایک تفصیلی جائزہ کے ساتھ ان کے مختلف سلسلوں پر روشنی ڈالیں۔
12. مغلیہ دور میں سماجی درجہ بندی (Social Startification) پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔
13. مغل حرم اور اس کے انتظامیہ پر ایک وضاحتی نوٹ تحریر کریں۔
14. مہدوی تحریک پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے عہد وسطیٰ ہندوستان کے تجدیدی اصلاحات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

☆☆☆